مسافرانِ آخرت

ادارہ

● مرکز احرار، مسجد ابوبکر صدیق تلہ گنگ کے منتظم وخطیب مولانا تنویر الحسن احرار کے نانا حیات محمد انتقال: 3؍ اپریل 2016ء

● حافظ عبدالعلیم صاحب (شانی کریانہ سٹور ملتان) کے سسر مولانا اعزاز احمد مرحوم۔ انتقال 20؍ اپریل 2016

● چیچہ وطنی کے سیاسی وسماجی کارکن اور ہمارے معاون جناب محمد تسلیم بٹ کے والد گرامی محمد رشید بٹ 29؍ اپریل بروز جمعۃ المبارک انتقال کر گئے نماز جنازہ جامع مسجد میں ادا کی گئی۔

● حضرت مولانا محمد احمد لدھیانوی (صدر اہل سنت والجماعت پاکستان) کی والدہ ماجدہ 4۔ مئی بدھ کو انتقال فرما گئیں۔ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری اور سید محمد کفیل بخاری نے ٹیلی فون پر مولانا سے تعزیت کا اظہار کیا جبکہ عبداللطیف خالد چیمہ نے 6؍ مئی کو کمالیہ میں مولانا سے ملاقات کر کے تعزیت کا اظہار کیا، اس موقع پر مجلس احرار اسلام کے کارکن حاجی عبدالکریم قمر، قاری محمد سدید، حکیم حافظ محمد قاسم، حافظ محمد سلیم شاہ کے علاوہ حاجی احسان الحق احسان اور رائے محمد اکمل ان کے ہمراہ تھے۔

● مجلس احرار اسلام حاصل پور کے امیر جناب ابوسفیان تائب کے جواں سال بھانجے۔ انتقال: 12؍ مئی 2016

● حافظ محکم الدین رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند اکبر جناب قدرت اللہ مرحوم (شعلی غربی، حاصل پور) انتقال: 13؍ مئی

● جمعیت علماء اسلام گلگت بلتستان کے رہنما جناب عطاء اللہ شہاب کے دادی مرحومہ۔ انتقال: 13؍ مئی 2016

● جمعیت علماء اسلام پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات محمد اقبال اعوان (ٹیکسلا) کے جواں سال فرزند حافظ اعزاز احسن ٹریفک حادثہ میں شدید زخمی ہونے کے بعد 14؍ مئی کو ہسپتال میں چل بسے۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے محمد اقبال اعوان سے فون پر تعزیت کا اظہار کیا جبکہ جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما حافظ حبیب اللہ چیمہ اور چودھری ضیاء الحق اور دیگر حضرات نے ٹیکسلا جا کر تعزیت کا اظہار کیا اور دعائے مغفرت کی۔

● **سید نثار علی شاہ بخاری مرحوم:** سید محمد کفیل بخاری کے پھوپھا، سید عطاء المنان بخاری کے خالو اور سید محمد اویس بخاری کے والد ماجد سید نثار علی شاہ بخاری 16؍ مئی 2016 کو گوجرانوالہ میں انتقال کر گئے۔ اُن کی نماز جنازہ پسرور میں سید عطاء المنان بخاری نے پڑھائی۔ سید صبیح ہمدانی بھی نماز جنازہ میں شریک ہوئے، پسرور کے آبائی قبرستان میں تدفین ہوئی۔

● ہمارے دیرینہ کرم فرما بھائی محمد صاحب (ہلال انجینئرنگ، لاہور) کے بہنوئی اور بھانجے ایک ٹریفک حادثے میں انتقال کر گئے۔

● جامعہ فتحیہ لاہور کے قدیم فاضل (سن فراغت 1944ء) جید عالم دین مولانا محمد امین (ملت روڈ فیصل آباد) انتقال کر گئے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائیں، ان کی حسنات قبول فرمائیں اور درجات بلند فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ